یہ الیکشن مختلف ہو سکتے ہیں!

ملک بھر میں الیکشن نگران موجود ہوں گے

پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ :

ہر ضلع میں الیکشن نگران موجود ہوں گے جو الیکشن کے عمل کو کڑی نظر سے دیکھ رہے ہوں گے تا کہ:۔

- الیکشن میں کسی قسم کی دھوکا دہی کا کھوج لگایا جاسکے اور اُسے روکا جاسکے۔
- یقین کیا جاسکے کہ ووٹوں کی گنتی درست کی جا رہی ہے۔
- تصدیق کی جاسکے کہ الیکشن کے نتائج غیر قانونی طور پر تبدیل نہیں کیے جا رہے۔

یہ ہر فرد کی ذمہ داری ہے

BLUE VEINS
Awareness, Action, Advocacy
www.blueveins.org

خصوصی توجہ کے مستحق طبقات کی ووٹ ڈالنے میں کیسے مدد کی جائے

عورتوں کو ووٹ کا حق:

...... عام طور پر ایک ہی پولنگ اسٹیشن میں خواتین اور حضرات کے لیے الگ الگ پولنگ بوتھ قائم کیے جاتے ہیں تا کہ خاندان کے افراد ایک ساتھ پولنگ اسٹیشن جا کر اپنا حق استعمال کر سکیں۔

...... خواتین کو ووٹ کا حق استعمال کرنے میں مدد دینے کے لیے پڑوسیوں اور محلے داروں کو ان کے بچوں کا خیال رکھنے یا آمدورفت میں مدد فراہم کرنی چاہیے۔

...... نیز اگر گھر میں 18 سال سے کم عمر لیکن سمجھ دار بچے موجود ہوں تو چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری انہیں دی جا سکتی ہے۔

...... اگر گھر کا سربراہ عورتوں کے ووٹ ڈالنے کا مخالف ہو تو با اثر افراد کے ذریعے سے انہیں قائل کرنے کی کوشش کی جائے۔

...... اگر علاقے کے تمام افراد عورتوں کو ووٹ ڈالنے سے منع کرنے پر متفق ہو جائیں تو فوراً الیکشن کمیشن کے متعلقہ افسران کو مطلع کیا جانا چاہیے۔

اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ووٹ کا حق:

...... اقلیتیں بھی ووٹ کا برابر حق رکھتی ہیں۔

...... اگر کسی پولنگ اسٹیشن پر اقلیتی گروہ سے تعلق رکھنے والے کسی فرد کو انتخابی عملے کی جانب سے امتیازی سلوک کا سامنا ہو، اس کی اطلاع فوراً الیکشن کمیشن کے افسران کو دی جانی چاہیے۔

معذور افراد کو ووٹ کا حق:

...... معذور اور بزرگ افراد کو شناختی کارڈ بنوانے، پولنگ اسٹیشن تک جانے اور ووٹ ڈالنے کے لیے کسی دوسرے فرد کی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

...... معذور افراد کی ضرورت کے مطابق انہیں مدد فراہم کرنا معاشرے کے دیگر افراد کی ذمہ داری ہے۔

جان لو اپنی اہمیت   ہر ایک ووٹ ہے بیش قیمت

BLUE VEINS
Awareness. Action. Advocacy
www.blueveins.org